تہران میں نماز جمعہ رہبر معظم کی امامت میں ادا کی جائےگی - 15 /Jan/ 2020

تہران میں نماز جمعہ کی انتظامی کمیٹی نے اعلان کیا ہے کہ تہران میں اس ہفتہ نماز جمعہ رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کی امامت میں ادا کی جائےگیـ

کمیٹی کے اعلامیہ کا متن مندرجہ ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نُودِيَ لِلصَّلَاةِ مِن يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَـ

انقلاب اسلامی کی کامیابی کی سالگرہ اور انقلاب کے دوسرے گام کے موقع پر مصلی امام خمینی (رہ) میں تہران کے بصیر اور انقلابی عوام کی ولولہ انگیز موجودگی میں اس ہفتہ نماز جمعہ رہبر معظم انقلاب اسلامی کی امامت میں ادا کی جائےگیـ اس موقع پر اسلامی جمہوریہ ایران کی عوام ایک بار پھر باہمی یکجہتی، شان و شکوہ اور عظمت کے شاندار جلوؤں کا مظاہرہ کرےگیـ

نماز جمعہ میں شرکت کے پروگرام اور طریقہ کار کے بارے میں تہران کی نماز جمعہ کی انتظامی کمیٹی کی جانب سے مزید تفصیلات کا اعلان کیا جائےگا ـ

نماز جمعہ کی انتظامی کمیٹی